نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیر زراعت لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا ضلع ساہیوال میں کسان کارڈ فراہمی مرکز کا دورہ۔**

**وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے لیے اب تک ساڑھے 8 لاکھ سے زائد کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں وزیر زراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی**

15 ستمبر 2024: سید عاشق حسین کرمانی وزیر زراعت، لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب نے ساہیوال میں کسان کارڈ فراہمی مرکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ممبران صوبائی اسمبلی ملک قاسم، ملک ارشد اور پیر ولایت شاہ کھگہ، کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید، آر پی او ساہیوال محبوب رشید ڈپٹی کمشنر ساہیوال صائمہ علی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فیصل شہزاد، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبد الحمید اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اپنے دورہ کے دوران صوبائی وزیر نے کسان کارڈ فراہمی سنٹر پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے حصول کیلئے اب تک ساڑھے 8 لاکھ کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں جبکہ اڑھائی لاکھ کسان کارڈز کی پرنٹنگ کے بعد فراہمی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 15 اکتوبر تک 5 لاکھ کارڈز ڈلیور کر دیئے جائیں گے۔ وزیر اعلی پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کے لیے صوبہ میں تحصیل کی سطح پر 134 مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کا سلسلہ 15 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ صوبائی وزیر زراعت نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ گندم کے زرعی مداخل کی خریداری کیلئے استعمال ہو گا۔ ساہیوال ڈویژن میں 60 ہزار کاشتکار رجسٹریشن کرا چکے ہیں اور ساہیوال ڈویژن میں 7 کسان کارڈ فراہمی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ کسان کارڈ ڈلیوری سنٹرز پر محکمہ زراعت کے عملہ کو کاشتکاروں کی رہنمائی کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب زرعی ترقی کے لیے پر عزم ہیں۔ زرعی میکانائزیشن کو فروغ دینے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی دی جائے گی۔ اس کے علاوہ کاشتکاروں کو بین الاقوامی طرز کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ساہیوال سمیت بہاولپور، ملتان اور سرگودھا میں ماڈل ایگری مالز قائم کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار زرعی گریجوایٹس انٹرن شپ پروگرام متعارف کرایا گیا جس کے تحت انٹرنیز کو 60 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ دیا جائے گا۔ 16 ستمبر سے نوجوان انٹرنیز فیلڈ میں عملی سرگرمیاں شروع کریں گے۔

-0-0-0-0-0-